نام: ____________ رول نمبر: ____________ سیکشن: ____________

اردو

# اطلاقی گرامر: مذکر مؤنث

جماعت: دوم





پیارے بچو! آپ جانتے ہیں کہ نر اسم کے لیے لفظ مذکر استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً لڑکا ، خالو اور شیر

جب کہ مادہ اسم کے لیے لفظ مؤنث استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً لڑکی ، خالہ اور شیرنی وغیرہ

| مذکر | مؤنث |
|---|---|
| والد | والدہ |
| نوکر | نوکرانی |
| استاد | استانی |
| راجا | رانی |
| تایا | تائی |

1۔ درج ذیل جملے پڑھ کر خط کشیدہ مذکر کے درست مؤنث اور مؤنث کے درست مذکر منتخب کیجیے۔





i. والد اخبار پڑھ رہے ہیں اور ________ کھانا پکا رہی ہیں۔ (خالہ ، والدہ)

ii. شیر شکار کر رہا تھا اور ________ جنگل کی طرف جا رہی تھی۔ (شیرنی ، مورنی)

iii. تائی جان نماز پڑھ رہی ہیں اور ________ جان تلاوت کر رہے ہیں۔ (چچا ، تایا)

iv. رانی لوگوں کی مدد کر رہی ہو گی اور ________ آرام کر رہا ہو گا۔ (راجا ، بادشاہ)

v. لڑکے کرکٹ کھیل رہے ہیں اور ________ گڑیا سے کھیل رہی ہیں۔ (بچیاں ، لڑکیاں)



vi. استانی صاحبہ پڑھا رہی ہیں اور ________ صاحب سمجھا رہے ہیں۔ (درزی ، استاد)

vii. نوکر بازار سے سامان لائے گا اور ________ کام کرے گی۔ (مالن ، نوکرانی)

viii. خالہ جان میرے لیے گڑیا جب کہ ________ جان گھڑی لائے تھے۔ (خالو ، ماموں)

LIVEWORKSHEETS